تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 - 042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

20- ستمبر،2019ء

# پریس ریلیز

## سعودی آرامکو تنصیبات پر حملہ امریکہ کی منصوبہ بندی کا حصہ ہے

لاہور (پ ر) یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ امریکہ، اسرائیل اور بھارت مختلف طریقوں سے مسلمان ممالک کو آپس میں لڑانے کی سازش کرتے رہتے ہیں۔ کچھ مسلمان ممالک کو یہ اسلام دشمن طاقتیں براہِ راست حملہ کر کے تہس نہس کرنے کے درپے ہیں اور کچھ ممالک میں فرقہ واریت کے ذریعے فساد ڈلوا کر اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل چاہتی ہیں۔ اس حملے کے بعد سعودی عرب اور ایران کے مابین کشیدگی بہت بڑھ چکی ہے۔ یہ ابلیسی اتحادِ ثلاثہ اس علاقے میں جنگ کے شعلے بھڑکانا چاہتا ہے تاکہ مسلمانوں کا زیادہ سے زیادہ نقصان ہو اور گریٹر اسرائیل کے قیام کے لیے راستہ ہموار ہو جائے۔ لہٰذا دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے کے لیے مسلمان ممالک کا باہمی اتحاد اشد ضروری ہے۔

اُنھوں نے کے پی کے ضلع ہری پور کے ایجوکیشن آفیسر کی جانب سے سکول میں طالبات کے لیے عبایا لازمی قرار دینے کے نوٹیفکیشن کو صوبائی حکومت کی جانب سے منسوخ کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ اُنھوں نے کہا کہ ہمارے ملک میں چند مغرب زدہ این جی اوز اور سیکولر میڈیا کے طوفانِ بدتمیزی کے دباؤ میں صوبائی حکومت کا یہ اقدام نہایت قابل مذمت ہے۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ان ہی این جی اوز اور سیکولر میڈیا نے موقع سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے اسلامی شعائر کو تضحیک کا نشانہ بنایا۔ اُنھوں نے اِس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ مذہبی جماعتوں نے اسلام دشمن این جی اوز کی اِس یلغار کے خلاف ایجوکیشن آفیسر کی کوئی مدد نہ کی۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے حکمران اور سیکولر طبقہ پاکستان کو اسلامی فلاحی ریاست بنانے کے راستے میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔ ضرورت اِس امر کی ہے کہ ملک میں این جی اوز اور سیکولرز کی اسلامی شعائر کی تضحیک کو روکنے کے لیے دینی و مذہبی جماعتوں کا اتحاد بنایا جائے جس کا اصل ہدف یہ ہو کہ وہ پاکستان کو حقیقی معنوں میں اسلامی فلاحی ریاست بنانے کے لیے پوری قوت سے میدان میں نکلے اور ایک بھرپور عوامی تحریک کے ذریعے اُن تمام رکاوٹوں کو دور کرے جو دین متین کے قیام کے راستے میں حائل ہیں۔ اگر خلوص ہوا تو اللہ کی نصرت یقیناً ہمارے شاملِ حال ہوگی۔ ان شاء اللہ

ایوب بیگ مرزا
(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

جاری کردہ

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE:** **20 Sep** 2019

**The attack on Saudi Aramco facilities is part and parcel of the U.S. plan and design.**

**(Hafiz Aakif Saeed)**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement. The Ameer noted that USA, Israel and India continuously keep conspiring to create conflicts among Muslim countries by using varioustactics. These enemy states of Islam are hell-bent on using direct military attacks to try to destroy some Muslim countries, while they are employing sectarianism as a tool to foment anarchy in order to achieve their nefarious designs in other Muslim countries.The Ameer remarked that the latest attack has led to heightened tensions between Iran and Saudi Arabia to an unprecedented level. This satanic 'axis of evil' wants to fuel the inferno of war in the region in order to cause as much damage as possible to the Muslims and pave the way for the creation of 'Greater Israel'. Therefore, he asserted, in order to make the wicked designs of the enemy unsuccessful it is extremely vital for Muslim countries to form a joint alliance and become unified.

The Ameer vociferously condemned the move by the provincial government of the KP province for rescinding the notification issued by the Education Officer of Haripur district, in which the Education Officer had made it mandatory for schoolgirls to wear *Abaya* for protection against rogue elements. This action taken by the KP provincial govemment, under the pressure of the hue and cry raised by a handful of Westem-Influenced NGOs and secular media of our country, is vehemently condemnable, the Ameer added. He remarked that it is worth noting that the same Western-Influenced NGOs and secular media of our country have used this incident as a pretense to mock and spread venom against the sacred tenets of Islam. The Ameer lamented the fact that the religious parties and groups of the country did not provide any support to the Education Officer of Haripur district against the barrage of attacks by these anti-Islam and bigoted NGOs. The fact of the matter is, he said, our rulers and the secular lobby in the country have become a hurdle in the way of moulding Pakistan into an Islamic Welfare State. In order to thwart the NGOs and seculars from mocking and spreading venom in the country against the sacred tenets of Islam, the need of the hour is to establish a fully operational alliance of religious groups, whose real goal ought to be to throw down the gauntlet with full force to make Pakistan a genuine Islamic Welfare State and mobilize a well-developed (revolutionary) mass civil movement to remove all those obstacles that stand in the way of establishing the *Deen-e-Mateen* (Islam) in the country. The Ameer concluded by stating that if that is done with sincerely and virtuous intent, then the succor of Allah *(SWT)* will surely be with us.

*Insha Allah!*

**Issued by**

**Ayub Baig Mirza**

**MarkaziNazim of Press and Publications Section**

**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**